# آئیں آپ
# کے بارے
# میں بات
# کرتے ہیں

پارٹنر سروسز

اگر آپ کو بتایا گیا ہو کہ آپ کو جنسی طور پر منتقل ہونے والی انفیکشن (STI) اور/یا ہیومن امیونو وائرس (HIV) لاحق ہے، تو آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ اور نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ (New York Department of Health, NYSDOH) کے پارٹنر سروسز پروگرام سے تعلق رکھنے والا کوئی فرد آپ سے بیماری کی منتقلی اور روک تھام کے بارے میں بات چیت کرے گا۔ وہ آپ سے آپ کے ان جنسی ساتھیوں کے بارے میں پوچھیں گے، جنہیں ہو سکتا ہے کہ انفیکشن کا سامنا ہوا ہو۔ اگر آپ منشیات استعمال کرتے ہیں، تو آپ پر بغیر کسی تنقید یا الزام کے آپ کے سوئیوں کے اشتراک کے طریقوں اور پارٹنرز کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

## پارٹنر سروسز (Partner Services, PS) کیا ہے؟

پارٹنر سروسز ایک مفت، رازدارانہ اور رضاکارانہ NYSDOH پروگرام ہے جو STIs اور/ یا HIV کے تشخیص شدہ افراد اور ان کے پارٹنرز کو، جانچ، علاج، طبی دیکھ بھال، روک تھام کی معاونتوں اور/ یا دیگر مناسب معاون خدمات سے منسلک کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے تاکہ ان کی صحت کے نتائج کو بہتر بنایا جا سکے اور مزید منتقلی کے خطرے کو کم کیا جا سکے۔ پارٹنر سروسز کا عملہ آتشک، سوزاک، کلیمائڈیا، ایم پاکس (جسے پہلے منکی پاکس کے نام سے جانا جاتا تھا)، HIV اور/ یا ایکوائرڈ امیونو ڈیفیسینسی سنڈروم (AIDS) کے تشخیص شدہ لوگوں کے لیے کام کرتا ہے۔ پارٹنر سروسز کا عملہ معاونت پیش کر سکتا ہے، مریض/پارٹنر کی بیماری کی اسکریننگ اور علاج کے لیے حوالہ جات کو مربوط کر سکتا ہے اور اس بارے میں معلومات فراہم کر سکتا ہے کہ آپ کس طرح اپنے آپ کو اور اپنے جنسی اور/ یا سوئی کا اشتراک کرنے والے پارٹنرز کو انفیکشن ہونے سے بچا سکتے ہیں۔

## مجھے کیوں شرکت کرنی چاہیے؟

یہ معلوم کرنا مشکل ہو سکتا ہے کہ آپ کو STI اور/ یا HIV لاحق ہے۔ کچھ لوگ ناراض، خوف، شرمندگی یا گھبراہٹ محسوس کر سکتے ہیں۔ اپنے پارٹنرز کو اس بارے میں بتانے کا فیصلہ کرنا آپ کے لیے ایک مشکل مسئلہ ہو سکتا ہے۔ بہت کم لوگ اپنی جنسی زندگی یا منشیات کے استعمال کے بارے میں بات کرنے میں آسانی محسوس کرتے ہیں۔ تاہم، جب آپ کو STI اور/ یا HIV ہو، تو پارٹنر سروسز کے ساتھ بات کرنا بہت ضروری ہے، کیونکہ وہ آپ کے پارٹنرز کو محتاط، نجی اور رازدارانہ طریقے سے مطلع کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ جب لوگوں کو معلوم ہوتا ہے کہ وہ انفیکشن کا شکار ہیں اور ان کا ٹیسٹ اور علاج کروایا جاتا ہے، تو یہ بیماری کے پھیلاؤ کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے اور کمیونٹی میں صحت کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔

## ہو سکتا ہے آپ خود سے پوچھیں کہ، "میں کیوں پرواہ کروں"؟

- آپ کے دوبارہ انفیکشن ہونے کے امکان کے علاوہ، دوسرے لوگ جو آپ کے پارٹنرز کے ساتھ جنسی تعلقات رکھتے ہیں، یا جو ان کے ساتھ سوئیاں/منشیات کے انجیکشن کا سامان شیئر کرتے ہیں، وہ بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کے ساتھی کا علاج نہیں کیا جاتا، تو یہ بیماری دوسرے افراد میں بھی منتقل ہو سکتی ہے اور حمل کے دوران یا پیدائش کے وقت ماں سے اس کے بچے میں بھی منتقل ہو سکتی ہے۔
- کچھ STIs کی کوئی علامت نہیں ہوتیں لیکن اگر علاج نہ کیا جائے، تو صحت کے طویل مدتی اور سنگین مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ HIV کی علامات کئی سالوں تک ظاہر نہیں ہو سکتیں ابتدائی STI اور/ یا HIV کی تشخیص اور علاج کا مطلب ایک لمبی اور صحت مند زندگی ہو سکتی ہے۔
- ابتدائی صدمے کے بعد، پارٹنر سروسز کی طرف سے رابطہ کیے گئے بہت سے لوگ خوش ہیں کہ انہیں بتا دیا گیا تھا کہ وہ انفیکشن کا شکار ہو سکتے ہیں۔ وہ جانچ، علاج اور دیگر خدمات حاصل کرنے کے قابل ہیں اور کمیونٹی میں دوسروں تک انفیکشن کے پھیلاؤ کو روکنے کے علاوہ اپنا خیال بھی رکھنا جانتے ہیں۔
- اگر آپ کو STI اور/ یا HIV ہو، تو آپ ابھی پارٹنر سروسز سے بات کر سکتے ہیں اور اگر آپ کے ساتھ ایسے نئے پارٹنرز موجود ہیں جنہیں بیماری لاحق ہونے کے بارے میں بتانے کی ضرورت ہو، تو آپ مستقبل میں ان سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**"جب محکمہ صحت میرے دروازے پر آیا تو مجھے بہت حیرانی اور پریشانی ہوئی، لیکن میں نے ابتدائی شرمندگی پر قابو پا لیا اور میرا ٹیسٹ کیا گیا۔ مجھے کبھی نہیں معلوم ہو گا کہ میرا نام کس نے دیا ہے لیکن مجھے خوشی ہے کہ کسی نے ایسا کیا ہے۔"**

# پارٹنر سروسز کی مدد کی اقسام:

- **فریق ثالث کی جانب سے گمنام اطلاع**

محکمہ صحت کا کوئی فرد آپ کی فراہم کردہ معلومات کا استعمال کرتے ہوئے آپ کے پارٹنرز کو STI/HIV سے متاثر ہونے کی اطلاع دیتا ہے۔ پارٹنر سروسز کے عملے کی جانب سے فریق ثالث کی اطلاع (Third-Party Notification) انٹرنیٹ اور/ یا سوشل میڈیا ایپس کے ذریعے بھی دی جا سکتی ہے۔ آپ کا نام اور شناخت کبھی بھی آپ کے پارٹنرز کے ساتھ شیئر نہیں کی جاتی۔ وہ صرف یہ جان پائیں گے کہ وہ STI اور/ یا HIV کا شکار ہو چکے ہیں اور انہیں بیماری لاحق ہونے کا تعین کرنے کے لیے جانچ اور علاج کے اختیارات فراہم کیے جائیں گے۔

- **دوہرا انکشاف**

آپ پارٹنر سروسز کے عملے کی مدد سے اپنے پارٹنر کو مطلع کرتے ہیں۔ پارٹنر سروسز پورے عمل کے دوران آپ کے ساتھ رہے اور آپ کے پارٹنر کے سوالات کے جوابات دے گی۔ یہ طریقہ بہت کارآمد ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ ہو سکتا ہے آپ کے پاس اپنے پارٹنر کی جانچ اور علاج کے اختیارات کی طرف رہنمائی کرنے کے لیے تمام حقائق یا معلومات موجود نہ ہوں۔

- **ذاتی انکشاف**

آپ خود اپنے پارٹنرز کو بتاتے ہیں اور انہیں جانچ اور علاج کی خدمات حاصل کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ پارٹنر سروسز آپ کی منصوبہ بندی اور اس پر عمل کرنے میں آپ کی مدد کرے گی، جو آپ کہنے جا رہے ہیں۔ کچھ لوگ اس طریقہ کو ترجیح دیتے ہیں، لیکن اس میں آپ کی شناخت ظاہر ہو جاتی ہے۔ آپ کو اپنے ان پارٹنرز کے منفی ردعمل سے نمٹنا پڑ سکتا ہے، جن کے بارے میں آپ خود مطلع کرتے ہیں۔ اگرچہ آپ خود مطلع کر کے اچھے ارادوں کا اظہار کرتے ہیں، مگر کچھ غیرموافق چیزیں بھی ہو سکتی ہیں؛ یعنی وقت صحیح نہیں ہو سکتا؛ ہو سکتا ہے کہ آپ کا پارٹنر آپ سے روٹھ جائے؛ یا جب آپ ایسا کرتے ہیں، تو آپ کو صحیح الفاظ نہیں مل پاتے۔ اگر آپ خود اطلاع نہیں دے سکتے، تو آپ اور پارٹنر سروسز پلان پر دوبارہ غور کر سکتے ہیں اور وہ آپ کے لیے پارٹنرز سے خود رابطہ کر سکتے ہیں۔

**"میں نے اسے بتانا چاہا... لیکن مجھے بہت گھبراہٹ محسوس ہوئی اور مجھ سے ایسا نہیں ہو سکا۔"**

# STI/HIV کو ختم کرنے میں ہم سب کا کردار ہے۔

پارٹنر سروسز آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ نیویارک ریاست کے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ پارٹنر سروسز پروگرام (New York State Health Department Partner Services Program) سے رابطہ کریں:

| | |
|---|---|
| Long Island ریجن | 1-800-462-6786 |
| New Rochelle ریجن | 1-800-828-0064 |
| Capital District ریجن | 1-800-962-5065 |
| Central New York ریجن | 1-800-562-9423 |
| Rochester ریجن | 1-800-962-5063 |
| Buffalo ریجن | 1-800-962-5064 |

مقامی محکمہ صحت کے فون نمبرز اور مزید معلومات یہاں پر مل سکتی ہیں: health.ny.gov/partnerservices.

Department of Health